حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ کا مجموعہ

مواعظ اشرفیہ

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبۂ تھانوی دفتر رسالہ الابقاء
مولوی مسافر خانہ ایم اے جناح روڈ کراچی ۱
فون: ۷۷۷۶۲۰، ۷۷۷۰۰۹۴

پیشاب نوشی سے نہیں منع کیا کیونکہ شراب نوشی میں لوگوں کو ابتدا رتھا اور پیشاب بھلا کون پیتا ہے تو اُس سے منع کرنے کی ضرورت تھی اِس سے منع کرنے کی ضرورت نہ تھی اس سے تو انسان کی طبیعت خود بھی بچتی ہے ہاں پیشاب لگ جانے کے احکام شریعت نے بیان کئے ہیں کیونکہ اس میں ابتلا متوقع ہے اسی عادت وسنّت کے موافق صوفیہ نے مجاہدہ حقیقہ سے تعرض نہیں کیا کیونکہ جانتے تھے کہ اس کا مجاہدہ ہونا کسی مسلمان پر مخفی نہ ہوگا اصل وجہ تو اس کے بیان نہ کرنے کی یہ تھی مگر اب جاہل صوفیہ بلکہ بہت سے لکھے پڑھے صوفی بھی اس غلطی میں بتلا ہیں کہ وہ مجاہدہ بس انہی ارکان اربعہ کو سمجھتے ہیں جن کا تعلق مباحات سے ہے اور اعمال واجبہ اور ترک معاصی کا کچھ بھی اہتمام نہیں کرتے۔ چنانچہ ایک صوفی رات بھر جاگتے تھے اور اس غرض کے لئے افیون کھایا کرتے تھے سبحان اللہ سونے سے تو پرہیز جو فی نفسہٖ مباح تھا اور نشہ کی چیز سے پرہیز نہیں جو حرام اور اقل درجہ مکروہ تحریمی تو ضرور ہے، کیونکہ افیون بقدر سکر کھانا حرام ہے اور اگر قدر سکر سے کم ہو تو ضرورت کے وقت جائز ہے بلا ضرورت مکروہ ہے اور جاگنا کونسی ضرورت ہے جس کے لئے افیون کا استعمال جائز ہو جائے۔ بس ان حضرات کی وہی مثال تھی کہ گڑ کھادیں اور گلگلوں سے پرہیز جیسے آجکل بعضے مولوی ان باتوں سے تو منع کرتے ہیں جن کو وہ خود بھی پہلے جائز سمجھتے اور کرتے آتے تھے اور ان باتوں سے نہیں روکتے جن کو ہمیشہ سے حرام سمجھتے تھے۔ اور اگر کسی نے کسی کام کے متعلق ان سے کہا بھی کہ یہ تو گناہ ہے شرک ہے اس سے بھی تو منع کرنا چاہیئے۔ تو یہ جواب دیدتے ہیں